

Apostles' Creed

رسُولوں کا عقیدہ

Reformed by TRUTH

سچائی سے اصلاح شدہ

Apostles' Creed

رسُولوں کا عقیدہ

پس منظر:

یہ عقیدہ "**رسُولوں کا عقیدہ**" کہلاتا ہے اس لیے نہیں کہ یہ خود رسُولوں نے تخلیق کیا، بلکہ اس لیے کہ اس میں اُن کی تعلیمات کا ایک مختصر خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔ یہ عقیدہ اُن کی تعلیمات کو "بہت سادگی، بے نظیر اختصار، خوبصورت ترتیب، اور عبادتی سنجیدگی" کے ساتھ پیش کرتا ہے۔ اپنی موجودہ شکل میں یہ چوتھی صدی سے زیادہ پرانا نہیں ہے۔ کسی بھی دوسرے مسیحی عقیدے کی نسبت، اسے بلا شبہ ایمان کی ایک عالمی علامت کہا جا سکتا ہے۔

رسُولوں کا عقیدہ

میں ایمان رکھتا ہوں خُدا قَادِرِ مُطلَق باپ پر جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا.

اور اُس کے اکلوتے بیٹے ہمارے خُداوند یسوع مسیح پر جو رُوح القدس کی قدرت سے پیٹ میں پڑا. کنواری مریم سے پیدا ہوا. پُطُس پِیلاطُس کی حکومت میں دُکھ اُٹھایا، مصلوب ہوا، مر گیا اور دفن ہوا (عالم ارواح میں اُتر گیا). تیسرے دن مُردوں میں سے جی اُٹھا. آسمان پر چڑھ گیا اور خُدا قَادِرِ مُطلَق باپ کی دہنی طرف بیٹھا ہے جہاں سے وہ زندوں اور مُردوں کی عدالت کرنے کو آئے گا.

میں ایمان رکھتا ہوں رُوح القدس پر، پاک کُل کلیسیا پر، مقدسوں کی رفاقت، گناہوں کی معافی، جسم کے جی اُٹھنے اور ہمیشہ کی زندگی پر. آمین۔